# N 738

Seat No. | | | | | | | |

2025 VII 07 1100 – N 738 – SOCIAL SCIENCES (73) GEOGRAPHY—PAPER II (U)

(REVISED COURSE)

Time : 2 Hours (Pages 8) Max. Marks : 40

ہدایات :—

(1) تمام سوالات رسرگرمیاں حل کرنا لازمی ہیں۔

(2) بائیں جانب کے اعداد کل نمبرات کو ظاہر کرتے ہیں۔

(3) سوال نمبر 4(A) کے لئے دستیاب کردہ برازیل کے نقشے کا استعمال کرکے جوابی پرچہ سے منسلک کیجئے۔

(4) سوال نمبر 6(A) کے لئے ترسیمی کاغذ کا استعمال کرکے جوابی پرچے سے منسلک کیجئے۔

(5) نقشے کا خاکہ کھینچنے کے لئے اسٹینسل کے استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

(6) جہاں ضروری ہو صاف ستھری اور واضح شکلیں اور خاکے بنائیے۔

(7) جوابات لکھنے کے لئے صرف کالی یا نیلی سیاہی کے قلم (پین) کا ہی استعمال کیجئے۔ پینسل سے لکھے گئے جواب قبول نہیں کئے جائینگے۔

(8) شکلیں، خاکے اور نقشے بنانے کے لئے پنسل اور رنگین پینسل کے استعمال کی اجازت ہے۔

P.T.O.

1. درست متبادل چن کر بیان دوبارہ لکھئے : 4

(1) اندمان گروپ میں جزیرے بنیادی طور پر ................ ہیں۔

(i) اصل سرزمین سے ٹوٹے ہوئے زمینی حصے سے بنے ہوئے

(ii) مونگے کے جزائر

(iii) آتش فشانی جزائر

(iv) براعظمی جزائر

(2) شمالی برازیل کی آب و ہوا ......................قسم کی ہے۔

(i) مانسونی

(ii) گرم

(iii) سرد

(iv) معتدل

(3) ہمالیہ کے برف پوش علاقوں میں .......................... جانور پائے جاتے ہیں۔

(i) ہرن

(ii) چتکارا

(iii) بندر

(iv) برفانی چیتا

(4) بھارت اور برازیل ممالک میں نظام حکومت ................. قسم کا ہے۔

(i) فوجی

(ii) اشتراکی

(iii) جمہوری

(iv) صدارتی

.2 مناسب جوڑیاں لگایئے : 4

| کالم 'الف' | کالم 'ب' |
|---|---|
| (1) علاقائی سیر | (i) مرکوز بستیاں |
| (2) پت جھڑ والے جنگلات | (ii) پٹانال |
| (3) ساؤ پاولو | (iii) کھیجری |
| (4) برازیل | (iv) سوالنامہ |
| | (v) ساگوان |
| | (vi) سندربن |

3. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں دیجئے (کوئی چار): 4

(1) برازیل کے سدا بہار برساتی جنگل کیا کہلاتے ہیں؟

(2) آمد و رفت کا سب سے سستا ذریعہ کونسا ہے؟

(3) آبادی کے لحاظ سے دنیا میں برازیل کتنے نمبر پر ہے؟

(4) بھارت اور برازیل میں سے کون سا ایک دونوں نصف کرہ میں واقع ہے؟

(5) دریائے گنگا کے ذیلی بڑے دریا کا نام بتائیے۔

4. (A) دیئے گئے برازیل کے نقشے میں مندرجہ ذیل کی نشاندہی کیجئے اور اشاریہ بھی بنائیے (کوئی چار): 4

(1) برازیل کی راجدھانی

(2) پرانا ریاست

(3) پیراگوے دریا


(4) کٹنگا

(5) کسینو سمندری ساحل

(6) سب سے زیادہ شہری والی شمالی ریاست

# 5/N 738

(B) درج ذیل بھارت کے نقشے کا مشاہدہ کیجئے اور سوالات کے جوابات لکھئے (کوئی چار) : 4




سوالات : (1) بھارت کے جنوب میں کونسا ملک ہے ؟

(2) بھارت کے شمال سے جنوب کا فاصلہ کتنا ہے ؟

(3) بھارت کا انتہائی جنوبی سرا کونسا ہے ؟

(4) بھارت کے درمیان سے کونسا خط گزرتا ہے ؟

(5) بھارتی معیاری وقت کا طول البلد کونسا ہے ؟

P.T.O.

.5 مندرجہ ذیل کی جغرافیائی وجوہات لکھئے (کوئی دو) : 6

(1) بھارت میں بڑے پیمانے پر پت جھڑ والے جنگلات پائے جاتے ہیں۔

(2) برازیل کی فی کس حامل زمین بھارت کے مقابلے میں زیادہ ہے۔

(3) شمالی بھارت کے میدانی علاقے میں ریل کے راستوں کے گھنے جال نظر آتے ہیں۔

(4) برازیل میں مغربی سمت بہنے والے دریا نہیں ملتے۔

.6 (A) مندرجہ ذیل اعداد و شمار کے مطابق سادہ ستونی ترسیم بنائیے اور درج ذیل سوالات کے جوابات دیجئے : 6

برازیل کی شہری آبادی کا فیصد (1960–2010)

| سال | فی صد شہری آبادی |
|---|---|
| 1960 | 47.1 |
| 1970 | 56.8 |
| 1980 | 66.0 |
| 1990 | 74.6 |
| 2000 | 81.5 |
| 2010 | 84.6 |

سوالات :


(1) اعداد و شمار میں سالانہ فرق (Interval) کتنا ہے؟


(2) کس دہائی میں شہری آبادی سب سے کم ہے؟

(3) 1970 سے 1980 میں شہری آبادی میں کتنے فیصد % اضافہ ہوا ہے؟

یا

(B) درج ذیل ترسیم کا مشاہدہ کرکے نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 6




سوالات :

(1) درج بالا ترسیم کیا ظاہر کرتی ہے؟

(2) درج بالا ترسیم کی کونسی قسم ہے؟

(3) 2011ء میں کس ملک کا تناسب جنس زیادہ تھا ؟

(4) 2001ء میں برازیل کا تناسب جنس کتنا تھا ؟

(5) بھارت کا سب سے کم تناسب جنس کونسے سال میں تھا ؟

(6) 1961ء میں بھارت کا تناسب جنس کتنا تھا ؟

.7 مندرجہ ذیل کے مفصل جواب لکھئے (کوئی دو) : 8

(1) علاقائی سیر کو جانے سے پہلے آپ کیا تیاری کریں گے ؟ موسمی اسٹیشن کا دورہ کرنے کے لئے سوالنامہ تیار کیجئے۔

(2) بھارت کی آب و ہوا میں بحرِ ہند اور ہمالیہ کی اہمیت مختصراً لکھئے۔

(3) برازیل کے زرعی اور کان کنی کے پیشوں کی معلومات لکھئے۔